www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

Test Booklet Code & Serial No.
प्रश्नपत्रिका कोड व क्रमांक

**A**

# Paper-II
# URDU

**Signature and Name of Invigilator**

1. (Signature) ........................................

(Name) ................................................

2. (Signature) ........................................

(Name) ................................................

Seat No. | | | | | | | |

(In figures as in Admit Card)

Seat No. ..........................................................

(In words)

OMR Sheet No. | | | | | | | |

(To be filled by the Candidate)

**SEP - 05221**

**Time Allowed : 2 Hours]** **[Maximum Marks : 200**

Number of Pages in this Booklet : **20** Number of Questions in this Booklet : **100**

**Instructions for the Candidates**

1. Write your Seat No. and OMR Sheet No. in the space provided on the top of this page.
2. This paper consists of **100** objective type questions. Each question will carry *two* marks. *All* questions of Paper II will be compulsory.
3. At the commencement of examination, the question booklet will be given to the student. In the first 5 minutes, you are requested to open the booklet and compulsorily examine it as follows :
   - (*i*) To have access to the Question Booklet, tear off the paper seal on the edge of this cover page. Do not accept a booklet without sticker-seal or open booklet.
   - (*ii*) Tally the number of pages and number of questions in the booklet with the information printed on the cover page. Faulty booklets due to missing pages/questions or questions repeated or not in serial order or any other discrepancy should not be accepted and correct booklet should be obtained from the invigilator within the period of 5 minutes. Afterwards, neither the Question Booklet will be replaced nor any extra time will be given. The same may please be noted.
   - (*iii*) After this verification is over, the OMR Sheet Number should be entered on this Test Booklet.
4. Each question has four alternative responses marked (A), (B), (C) and (D). You have to darken the circle as indicated below on the correct response against each item.
   **Example :** where (C) is the correct response.
   (A) (B) ● (D)
5. Your responses to the items are to be indicated in the **OMR Sheet given inside the Booklet only.** If you mark at any place other than in the circle in the OMR Sheet, it will not be evaluated.
6. Read instructions given inside carefully.
7. Rough Work is to be done at the end of this booklet.
8. If you write your Name, Seat Number, Phone Number or put any mark on any part of the OMR Sheet, except for the space allotted for the relevant entries, which may disclose your identity, or use abusive language or employ any other unfair means, you will render yourself liable to disqualification.
9. You have to return original OMR Sheet to the invigilator at the end of the examination compulsorily and must not carry it with you outside the Examination Hall. You are, however, allowed to carry the Test Booklet and duplicate copy of OMR Sheet on conclusion of examination.
10. Use only Blue/Black Ball point pen.
11. Use of any calculator or log table, etc., is prohibited.
12. There is no negative marking for incorrect answers.

**विद्यार्थ्यांसाठी महत्त्वाच्या सूचना**

1. परिक्षार्थींनी आपला आसन क्रमांक या पृष्ठावरील वरच्या कोपऱ्यात लिहावा. तसेच आपणांस दिलेल्या उत्तरपत्रिकेचा क्रमांक त्याखाली लिहावा.
2. सदर प्रश्नपत्रिकेत 100 बहुपर्यायी प्रश्न आहेत. प्रत्येक प्रश्नास **दोन** गुण आहेत. या प्रश्नपत्रिकेतील **सर्व** प्रश्न सोडविणे अनिवार्य आहे.
3. परीक्षा सुरू झाल्यावर विद्यार्थ्याला प्रश्नपत्रिका दिली जाईल. सुरुवातीच्या 5 मिनीटांमध्ये आपण सदर प्रश्नपत्रिका उघडून खालील बाबी अवश्य तपासून पहाव्यात.
   - (*i*) प्रश्नपत्रिका उघडण्यासाठी प्रश्नपत्रिकेवर लावलेले सील उघडावे. सील नसलेली किंवा सील उघडलेली प्रश्नपत्रिका स्विकारू नये.
   - (*ii*) पहिल्या पृष्ठावर नमूद केल्याप्रमाणे प्रश्नपत्रिकेची एकूण पृष्ठे तसेच प्रश्नपत्रिकेतील एकूण प्रश्नांची संख्या पडताळून पहावी. पृष्ठे कमी असलेली/कमी प्रश्न असलेली/प्रश्नांचा चुकीचा क्रम असलेली किंवा इतर त्रुटी असलेली सदोष प्रश्नपत्रिका सुरुवातीच्या 5 मिनिटातच पर्यवेक्षकाला परत देऊन दुसरी प्रश्नपत्रिका मागवून घ्यावी. त्यानंतर प्रश्नपत्रिका बदलून मिळणार नाही तसेच वेळही वाढवून मिळणार नाही याची कृपया विद्यार्थ्यांनी नोंद घ्यावी.
   - (*iii*) वरीलप्रमाणे सर्व पडताळून पाहिल्यानंतरच प्रश्नपत्रिकेवर ओ.एम.आर. उत्तरपत्रिकेचा नंबर लिहावा.
4. प्रत्येक प्रश्नासाठी (A), (B), (C) आणि (D) अशी चार विकल्प उत्तरे दिली आहेत. त्यातील योग्य उत्तराचा रकाना खाली दर्शविल्याप्रमाणे ठळकपणे काळा/निळा करावा.
   **उदा. :** जर (C) हे योग्य उत्तर असेल तर.
   (A) (B) ● (D)
5. या प्रश्नपत्रिकेतील प्रश्नांची उत्तरे **ओ.एम.आर. उत्तरपत्रिकेतच दर्शवावीत.** इतर ठिकाणी लिहिलेली उत्तरे तपासली जाणार नाहीत.
6. आत दिलेल्या सूचना काळजीपूर्वक वाचाव्यात.
7. प्रश्नपत्रिकेच्या शेवटी जोडलेल्या कोऱ्या पानावरच कच्चे काम करावे.
8. जर आपण ओ.एम.आर. वर नमूद केलेल्या ठिकाणा व्यतिरीक्त इतर कोठेही नाव, आसन क्रमांक, फोन नंबर किंवा ओळख पटेल अशी कोणतीही खूण केलेली आढळून आल्यास अथवा असभ्य भाषेचा वापर किंवा इतर गैरमार्गांचा अवलंब केल्यास विद्यार्थ्याला परीक्षेस अपात्र ठरविण्यात येईल.
9. परीक्षा संपल्यानंतर विद्यार्थ्याने मूळ ओ.एम.आर. उत्तरपत्रिका पर्यवेक्षकांकडे परत करणे आवश्यक आहे. तथापि, प्रश्नपत्रिका व ओ.एम.आर. उत्तरपत्रिकेची द्वितीय प्रत आपल्याबरोबर नेण्यास विद्यार्थ्यांना परवानगी आहे.
10. फक्त निळ्या किंवा काळ्या बॉल पेनचाच वापर करावा.
11. कॅलक्युलेटर किंवा लॉग टेबल वापरण्यास परवानगी नाही.
12. चुकीच्या उत्तरासाठी गुण कपात केली जाणार नाही.

www.prepp.in

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

SEP - 05221/II—A

# URDU

## Paper II

**Time Allowed : 120 Minutes]** **[Maximum Marks : 200**

**Note :** This paper contains **Hundred (100)** multiple choice questions. Each question carrying **Two** (**2**) marks. Attempt *All* questions

1. مرزا غالب نے سر سید احمد خاں کی کس کتاب پر تقریظ لکھی تھی؟
   (A) تاریخ سرکشی بجنور
   (B) آثار الصنادید
   (C) اسباب بغاوت ہند
   (D) تزک جہانگیری

2. ادب میں ''آنند'' اور ''رس'' کا فلسفہ سنسکرت کے کس عالم نے دیا تھا؟
   (A) کالی داس
   (B) بھرت منی
   (C) بھاس
   (D) آنندوردھن

3. ''ہند آریائی اور ہندی'' کس کی کتاب ہے؟
   (A) عبدالقادر سروری
   (B) بنکم چندر چٹرجی
   (C) سینتی کمار چٹرجی
   (D) شانتی رنجن بھٹاچاریہ

4. ''مولوی نذیر احمد کی کہانی کچھ ان کی کچھ میری زبانی'' کا تعلق نثر کی کس صنف سے ہے؟
   (A) انشائیہ
   (B) خاکہ
   (C) افسانہ
   (D) تنقید

P.T.O

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



5. ’مدح‘ کس صنف سخن کا جُز ہے؟

(A) مثنوی

(B) مرثیہ

(C) قصیدہ

(D) واسوخت

6. ’’موتی لال نہرو رپورٹ سے پہلے ہندوستانیوں پر دو مصیبتیں نازل تھیں۔ ایک ملیریا کی، دوسری مِس مہوالمعروف یہ مادر ہند کی۔ ملیریا کا انسداد کچھ تو کونین سے کیا گیا بقیہ کا کثرت اموات سے۔‘‘

درج بالا اقتباس کس انشائیہ سے ماخوذ ہے؟

(A) چارپائی

(B) وکیل صاحب

(C) شامت اعمال

(D) چینی شاعر

7. شبلی نعمانی نے شاعری کی ماہئیت سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار ’’شعرالعجم‘‘ کی کس جلد میں کیا ہے؟

(A) اول

(B) دوم

(C) سوم

(D) چہارم

8. ’دلی کالج‘ کا قیام کس سن میں عمل میں آیا تھا؟

(A) 1822

(B) 1825

(C) 1828

(D) 1823

9. اس نقش پا کے سجدے نے کیا کیا کیا ذلیل
میں کوچہ رقیب میں بھی سر کے بل گیا

درج بالا شعر کس شاعر کا ہے؟

(A) یگانہ چنگیزی

(B) مومن خاں مومن

(C) جگر مرادآبادی

(D) اصغر گونڈوی

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide



.10 ''خان بہادر شمس العلما'' کا خطاب کس کو ملا تھا؟

(A) مولوی ذکاء اللہ

(B) عبدالحلیم شرر

(C) مرزا اسداللہ خاں غالب

(D) ڈپٹی نذیر احمد

.11 ''خورشٹ' کس افسانہ نگار کا افسانہ ہے؟

(A) خواجہ احمد عباس

(B) راجندر سنگھ بیدی

(C) کرشن چندر

(D) سعادت حسن منٹو

.12 ''رانی کیتکی کی کہانی'' میں ''چندر بھان' کون ہے؟

(A) سورج بھان کا بیٹا ہے۔

(B) سورج بھان کا بھائی ہے۔

(C) سورج بھان کا باپ ہے۔

(D) جگت پرکاش کا چیلا ہے۔

.13 'شفقت' سعادت حسن منٹو کے کس افسانے کا کردار ہے؟

(A) پیرہن

(B) باسطہ

(C) گولی

(D) شاردا

.14 'حسرت موہانی' کا اصل نام بتایئے :

(A) سید فضل الحسن

(B) سید زین الحسن

(C) سید ندیم الحسن

(D) سید شبیہ الحسن

.15 کتاب ''اردو شاعری پر ایک نظر'' کے مصنف کا نام بتایئے :

(A) کلیم الدین احمد

(B) رضی الدین احمد

(C) احتشام حسین

(D) محمد حسن

16. سجاد ظہیر کے ناول ''لندن کی ایک رات''
کا مرکزی کردار کون سا ہے؟
(A) شیلا گرین
(B) رونی ٹیلر
(C) مس چرن
(D) ریما

17. سعدی کی زبان ہی میں کچھ ارشاد کروں میں
ڈر ہے کہ یہ گزرے نہ کہیں تجھ کو گراں اور
درج بالا شعر کا تعلق کس صنف شاعری
سے ہے؟
(A) سزاد
(B) تغمین
(C) پیروڈی
(D) اِئیکو

18. ''نقل کی نقل'' کا نظریہ کس مغربی مفکر نے
پیش کیا؟
(A) ارسطو
(B) افلاطون
(C) ٹی۔ایس۔ایلیٹ
(D) سموئل جانسن

19. ''تضحیک روزگار'' کا تعلق کس صنف
شاعری سے ہے؟
(A) قصیدہ
(B) مرثیہ
(C) مثنوی
(D) قطعہ

20. ''اصول تحقیق و ترتیب متن'' کس کی
کتاب ہے؟
(A) تنویر احمد علوی
(B) گیان چند جین
(C) رشید حسن خاں
(D) مولوی عبدالحق

21. ڈراما ''اندرسبھا'' میں شہزادہ گلفام پر کون
سی پری عاشق ہوتی ہے؟
(A) نیلم پری
(B) سبز پری
(C) لال پری
(D) پکھراج پری

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide



22. مثنوی ''گلزار نسیم'' کا اصل فارسی قصہ کس کا لکھا ہوا ہے؟

(A) عزت اللہ بنگالی

(B) عطا حسین خاں تحسین

(C) نہال چند لاہوری

(D) مولوی محمد باقر

23. 'فسانۂ آزاد' کا ہیرو کن ملکوں کی جنگی مہم پر جاتا ہے؟

(A) ایران اور چین

(B) ایران اور افغانستان

(C) عراق اور روس

(D) روس اور ترکی

24. ''ابوسعید محمد'' کس شاعر کا اصل نام ہے؟

(A) میراجی

(B) مخدوم محی الدین

(C) ساحرالدھیانوی

(D) بیکل اتساہی

25. پریم چند کے ناول ''گئودان'' میں 'ہوری' کی بیٹی کا نام کیا ہے؟

(A) دھنیا

(B) جھنیا

(C) سونا

(D) پنیا

26. عصمت چغتائی کے ناول ٹیڑھی لکیر میں شمن کی شادی کس سے ہوئی ہے؟

(A) رابرٹ

(B) ٹیلر

(C) جیمس ڈیوڈ

(D) تھامسن

27. عہد قدیم کے کس دور میں ہند آریائی زبان کا بول بالا تھا؟

(A) 1200 ق۔م۔ — 800 ق۔م۔

(B) 1500 ق۔م۔ — 500 ق۔م۔

(C) 1400 ق۔م۔ — 700 ق۔م۔

(D) 1000 ق۔م۔ — 600 ق۔م۔

www.prepp.in

Prepp Your Personal Exams Guide



.28 مثنوی 'کدم راؤ پدم راؤ' میں جوگی نے راجہ کدم راؤ کو کس روپ میں ڈھالا تھا؟

(A) ہرنی

(B) بندر

(C) ناگ

(D) طوطی

.29 کتاب ''آب گم'' کے مصنف کا نام بتایئے :

(A) کنہیا لال کپور

(B) احمد جمال پاشا

(C) مشتاق احمد یوسفی

(D) رشید احمد صدیقی

.30 رانی کیتکی کی کہانی میں ''رانی'' کا کیا نام ہے؟

(A) سنیتا

(B) دین متی

(C) ہیم لتا

(D) کام لتا

.31 ذیل میں سے ڈراموں کے نام والا زمرہ کون سا ہے؟

(A) یہودی کی لڑکی، ضحاک، آگرہ بازار، اندرسبھا

(B) ضحاک، اندرسبھا، حبہ خاتون، گرم کوٹ

(C) انارکلی، شطرنج کی بازی، پردۂ غفلت، خانہ جنگی

(D) مرزا شہرت رائے، دیکھ رہے ہیں نین، بابا لوگ، قید حیات

.32 ذیل میں سے میراجی کا شعری مجموعہ کون سا ہے؟

(A) تین رنگ

(B) ماورا

(C) سب رنگ

(D) سرخ سویرا

.33 ''خواجہ سگ پرست'' کس ملک کا سوداگر تھا؟

(A) فارس

(B) مصر

(C) ترکی

(D) افغانستان

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide



34. اردو زبان کو ''زبان دہلوی'' پہلی بار کس نے کہا تھا؟

(A) ولی

(B) فیروز

(C) امیر خسرو

(D) مظہر جانِ جاناں

35. ''جدلیاتی مادیت'' کا تعلق کس دبستانِ تنقید سے ہے؟

(A) مارکسی

(B) اسلوبیاتی

(C) ساختیاتی

(D) نفسیاتی

36. آغا حشر نے اپنا پہلا ڈراما کس نام سے لکھا تھا؟

(A) ترکی حور

(B) آفتاب محبت

(C) رستم سہراب

(D) نیک پروین

37. فسانۂ آزاد میں آزاد کی محبوبہ کا نام کیا ہے؟

(A) چمن آرا

(B) امراؤ بیگم

(C) انجمن آرا

(D) حسن آرا

38. اختر الایمان کے شعری مجموعے کا نام ہے :

(A) آب جو

(B) پیام مشرق

(C) دست صبا

(D) گل نغمہ

39. راجندر سنگھ بیدی نے کون سا افسانہ تقسیم ملک اور فسادات کے پس منظر میں لکھا؟

(A) گرم کوٹ

(B) گرہن

(C) لاجونتی

(D) پان شاپ

Prepp Your Personal Exam Guide

40. سندھ میں اردو کی ابتداء کا نظریہ کس نے پیش کیا تھا؟

(A) سید سلیمان ندوی

(B) نصیر الدین ہاشمی

(C) محمود شیرانی

(D) مسعود حسین خان

41. ذیل میں سے کون سا شعری مجموعہ یگانہ چنگیزی کا ہے؟

(A) آتش گل

(B) سرور زندگی

(C) آیات وجدانی

(D) دھرتی کی کروٹ

42. ہندوستان میں آریاؤں کی آمد کے بعد کس زبان کے نمونے ملتے ہیں؟

(A) ویدک سنسکرت

(B) پالی

(C) پراکرت

(D) اپ بھرنش

43. شاد عظیم آبادی کا پورا نام کیا تھا؟

(A) سید علی محمد

(B) سید امیر علی

(C) سید عبداللہ

(D) امیر علی خاں

44. ذیل میں سے کون سا زمانی ترتیب کی مناسبت سے درست ہے؟

(A) علی گڑھ تحریک، اور مانوی تحریک، اصلاح زبان کی تحریک، ترقی پسند تحریک

(B) رومانوی تحریک، علی گڑھ تحریک، اصلاح زبان کی تحریک، ترقی پسند تحریک

(C) اصلاح زبان کی تحریک، علی گڑھ تحریک، رومانوی تحریک، ترقی پسند تحریک

(D) اصلاح زبان کی تحریک، رومانوی تحریک، ترقی پسند تحریک، علی گڑھ تحریک

.45 درج ذیل میں سے ''سہد یو'' کس ناول کا کردار ہے؟

(A) گئودان

(B) فائرا یریا

(C) بستی

(D) ایک چادر میلی سی

.46 ذیل میں سے کون سی ترتیب زمانی اعتبار سے درست ہے؟

(A) آبرو، میر، ناسخ، غالب

(B) غالب، میر، آبرو، ناسخ

(C) ناسخ، آبرو، غالب، میر

(D) میر، غالب، آبرو، ناسخ

.47 ''دلاور خاں'' کس ناول کا کردار ہے؟

(A) چاندنی بیگم

(B) امراؤ جان ادا

(C) آگ کا دریا

(D) ٹیڑھی لکیر

.48 مثنوی گلزار نسیم میں ''تاج الملوک'' کس گل کی تلاش میں نکلتا ہے؟

(A) گل داؤدی

(B) گل رعنا

(C) گل بکاؤلی

(D) گل نار

.49 مغربی طرز حیات کو طنز وتضحیک کا ہدف کس شاعر نے بنایا ہے؟

(A) نظیر اکبر آبادی

(B) اکبر الٰہ آبادی

(C) سرور جہان آبادی

(D) مجاز لکھنوی

.50 رہے گا جہاں میں میرا اس سے نام
کہ ہے یادگار جہاں یہ کلام
اس شعر کے خالق کون ہیں؟

(A) میر تقی میر

(B) دیا شنکر نسیم

(C) میر حسن

(D) مرزا شوق

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide



.51 ڈراما 'یہودی کی لڑکی' میں 'ایلس' کے شوہر کا نام کیا ہے؟
(A) مسٹر وڈ
(B) مارکس
(C) بروٹس
(D) گھسیٹا

.52 مولانا ابوالکلام آزاد، کا انتقال کب ہوا تھا؟
(A) 1959
(B) 1958
(C) 1957
(D) 1956

.53 ذیل میں سے کس کردار کا تعلق ڈراما ضحاک سے ہے؟
(A) تحسین
(B) بختیار
(C) رستم
(D) فریدوں

.54 ذیل میں سے کون سا ناول نذیر احمد کا نہیں ہے؟
(A) ابن الوقت
(B) مرآۃ العروس
(C) فردوس بریں
(D) توبۃ النصوح

.55 عشق کی آغوش بس اک دلِ خانہ خراب
حُسن کے پہلو میں صدہا آفتاب و ماہتاب
یہ شعر کس کا ہے؟
(A) شہریار
(B) فراق گورکھپوری
(C) کلیم عاجز
(D) عرفان صدیقی

.56 ''رفیق احمد خوگر: اس کی وجہ مغربی شعرا کا تتبع نہیں بلکہ ہماری طبیعت کا فطری میلان ہے جو زندگی کے دوسرے شعبوں کی طرح شعر و ادب میں بھی آزادی کا جویا ہے۔ اس کے علاوہ دور جدید کی روح انقلاب، کشمکش تحقیق، تجسس، تعلیٰ پرستی اور جد و جہد ہے''۔
درج بالا اقتباس کس انشائیہ سے ماخوذ ہے؟
(A) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ
(B) غالب جدید شعرا کی محفل میں
(C) لاہور کا جغرافیہ
(D) گھر میں آنا مرغیوں کا

57. کتاب ''ساختیات، پس ساختیات اور مشرقی شعریات'' کے مصنف ذیل میں سے کون ہیں؟
(A) شکیل الرحمٰن
(B) گوپی چند نارنگ
(C) وہاب اشرفی
(D) محمد حسن

58. ''کلیم'' کس ناول کا کردار ہے؟
(A) توبۃ النصوح
(B) ابن الوقت
(C) بنات النعش
(D) فسانۂ مبتلا

59. مثنوی ''قطب مشتری'' میں ''مشتری'' کیا ہے؟
(A) وزیرزادی
(B) شہزادی
(C) ملکہ
(D) باندی

60. ''باغ و بہار'' میں کتے کے گلے میں پٹہ کس شہر کے سوداگر نے ڈالا تھا؟
(A) فرنگ
(B) عجم
(C) نیشاپور
(D) عرب

61. ''نجم النساء'' کس مثنوی کا کردار ہے؟
(A) گلزارنسیم
(B) سحرالبیان
(C) پھول بن
(D) زہرعشق

62. ''بیسویں صدی میں اردو ناول'' کس کی تصنیف ہے؟
(A) یوسف سرمست
(B) اشفاق محمد خاں
(C) وقار عظیم
(D) قمر رئیس

63. 'لفظ و معنی' کس نقاد کی کتاب ہے:
(A) آل احمد سرور
(B) حالی
(C) شمس الرحمٰن فاروقی
(D) وزیر آغا

64. اختر الایمان نے اپنی خودنوشت سوانح ''اس آباد خرابے میں'' کا عنوان کس نظم سے لیا ہے؟
(A) مسجد
(B) ایک لڑکا
(C) یادیں
(D) تاریک سیارہ

.65 درج ذیل میں سے کون صرف غزل کے شاعر ہیں؟
(A) اختر الایمان
(B) مجروح سلطان پوری
(C) مخدوم محی الدین
(D) اسرارالحق مجاز

.66 ''گوتم نیلمبر''کس ناول کا کردار ہے؟
(A) گردش رنگ چمن
(B) روشنی کی رفتار
(C) چاندنی بیگم
(D) آگ کا دریا

.67 جو بے ربط بولے تو بیتاں پچیس
پھیلا ہے جو یک بیت بولے سلیس
درج بالا شعر میں شعر کی خوبی بیان کس مثنوی میں ہوا ہے؟
(A) سحرالبیان
(B) قطب مشتری
(C) گلزارنسیم
(D) پھول بن

.68 غزل کواردوشاعری کی آبروکس نے کہاہے؟
(A) آل احمد سرور
(B) رشیداحمدصدیقی
(C) احتشام حسین
(D) عبدالرحمٰن بجنوری

.69 'صغریٰ' اقبال مجید کے کس افسانے کا کردار ہے؟
(A) سوراخ
(B) چلیں
(C) سخت جانوں کا انتظار
(D) بےصورتی کی صورتیں

.70 جگر مرادآبادی کے شعری مجموعے کا نام ہے:
(A) گل نغمہ
(B) دست تہہ سنگ
(C) سارے سخن ہمارے
(D) آتش گل

.71 ذیل میں سے کون سا افسانہ خواجہ احمد عباس کا نہیں ہے؟
(A) تین عورتیں
(B) دوبھیگی آنکھیں
(C) داروغہ صاحب
(D) ناگن

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide



.72 ہوئے ہیں اہل زرخواہانِ دولت،خواب غفلت میں
جسے سونا ہے یارو،فرش پہ مخمل کے کہہ سو جا
درج بالا شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟
(A) ایہام
(B) تشبیہ
(C) استعارہ
(D) تلمیح

.73 مبتدی ہوں مجھے توقیرعطا کر یارب
شوقِ مدّاحی شبیر عطا کر یارب
سِلِ گوہر ہو، وہ تقریر عطا کر یارب
نظم میں، رونے کی تاثیر عطا کر یارب
جدو آبا کے سوا، اور کی تقلید نہ ہو
لفظ مغلق نہ ہوں،گنجلک نہ ہو،تعقید نہ ہو
درج بالا بند کے شاعر کا نام بتائیے :
(A) دبیر
(B) انیس
(C) جمیل مظہری
(D) میر ضمیر

.74 پریم چند نے پہلے کس نام سے افسانے لکھے؟
(A) نواب رائے
(B) منشی پریم
(C) د ہنپت رائے
(D) درگا سہائے

.75 راجندر سنگھ بیدی کے افسانہ ''اپنے دکھ مجھے دے دو'' کا اہم کردار ہے :
(A) درپن
(B) منگو
(C) مدن
(D) بدھنا

.76 مولانا آزاد نے 'غبار خاطر' کے خطوط کس کے نام لکھے ہیں؟
(A) عبیدالرحمٰن خاں شروانی
(B) مجیب الرحمٰن خاں شروانی
(C) عبدالرحمٰن خاں شروانی
(D) حبیب الرحمٰن خاں شروانی

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



.77 ذیل میں سے کون ترقی پسند نقاد ہیں؟

(A) احتشام حسین

(B) آل احمد سرور

(C) محمد حسن عسکری

(D) کلیم الدین احمد

.78 ''مئے خانۂ الہام'' کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(A) جگر مراد آبادی

(B) یگانہ چنگیزی

(C) جمیل مظہری

(D) شاد عظیم آبادی

.79 سنا ہے ہو بھی چکا ہے فراق ظلمت و نور
سنا ہے ہو بھی چکا ہے وصال منزل و گام
بدل چکا ہے بہت اہل درد کا دستور
نشاط وصل حلال و عذاب ہجر حرام
درج بالا اشعار فیض کی کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(A) صبح آزادی

(B) تنہائی

(C) مجھ سے پہلی سی محبت ۔۔۔۔

(D) سیاسی لیڈر کے نام

.80 محمد حسین آزاد کے شعری مجموعے کا نام کیا ہے؟

(A) عرش و فرش

(B) گل بدنی

(C) حب وطن

(D) نظمِ آزاد

.81 درج ذیل میں سے کس کا تعلق دلّی کالج سے نہیں ہے؟

(A) امام بخش صہبائی

(B) بینی نرائن جہاں

(C) مولوی مملوک علی نانوتوی

(D) ماسٹر پیارے لال

.82 ذیل میں سے کس نقاد نے مہذب ہونے کے لیے اپنی روایات کی پاسداری کو ضروری قرار دیا ہے؟

(A) ارسطو

(B) افلاطون

(C) آئی۔اے۔رچرڈس

(D) ٹی۔ایس۔ایلیٹ

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



83. ’’ایک بار پھر خواجہ فرید کو بادشاہ نے کلکتہ سے بلا کر عہدۂ وزارت پر مامور کیا مگر اس دفعہ بھی چند وجوہات سے تین یا ساڑھے تین برس وزارت کا کام انجام دے کر یہ صلاح جرنیل اختر ونی کے جو دلّی میں رزیڈنٹ تھے، آخر کار استعفیٰ دے دیا۔‘‘

درج بالا اقتباس کس کتاب سے ماخوذ ہے؟

(A) مضامین سرسید

(B) آب حیات

(C) اردوئے معلیٰ

(D) حیات جاوید

84. بہانے اور بھی ہوتے جو زندگی کے لیے
ہم ایک بار تری آرزو بھی کھو دیتے

یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(A) فراق گورکھپوری

(B) مجروح سلطان پوری

(C) شاد عظیم آبادی

(D) حسرت موہانی

85. ذیل میں سے کون سا کردار ’’بوستان خیال‘‘ کا نہیں ہے؟

(A) معزالدین

(B) خورشید تاج بخش

(C) بدر منیر

(D) گلفام

86. مرزا غالب کے خطوط کا مجموعہ کس نام سے شائع ہوا ہے؟

(A) کاغذی ہے پیرہن

(B) غبار خاطر

(C) خاک ہند

(D) عود ہندی

87. ’’ایک چادر میلی سی‘‘ کا کردار ہے :

(A) دھنیا

(B) خورشید

(C) رانو

(D) رام دئی



Prepp Your Personal Exam Guide

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



88. میر تقی میر کس نواب کی دعوت پر لکھنؤ گئے تھے؟

(A) واجد علی شاہ

(B) شجاع الدولہ

(C) آصف الدولہ

(D) امجد علی

89. ''غزل'' کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(A) جگر مراد آبادی

(B) فراق گورکھپوری

(C) شاد عظیم آبادی

(D) مجروح سلطان پوری

90. 'تذکرۂ گلشن ہند' فورٹ ولیم کالج کے کس مصنف نے لکھا؟

(A) بہادر علی حسینی

(B) کاظم علی جواں

(C) شیر علی افسوس

(D) حیدر بخش حیدری

91. ''سب رس'' میں ملک سیستان کے بادشاہ کا نام کیا ہے؟

(A) دل

(B) نظر

(C) عشق

(D) عقل

92. ذیل میں سے کس شاعر کا تعلق دبستان لکھنؤ سے نہیں ہے؟

(A) آتش

(B) ناسخ

(C) میر تقی میر

(D) انشاء

93. ذیل میں سے کس کتاب میں ''سادگی، اصلیت اور جوش'' کی بحث کی گئی ہے؟

(A) شعر العجم

(B) مقدمہ شعر و شاعری

(C) ہماری شاعری

(D) اردو شاعری پر ایک نظر

94. ''منصورموہنا'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) قرۃ العین حیدر

(B) راجندرسنگھ بیدی

(C) عبدالحلیم شرر

(D) مرزاہادی رسوا

95. ''جنازے'' کس کا افسانہ ہے؟

(A) خواجہ احمد عباس

(B) عصمت چغتائی

(C) جیلانی بانو

(D) غیاث احمد گدی

96. میرا جی اور ن۔م۔ راشد کا تعلق کس تحریک/رجحان سے تھا؟

(A) ترقی پسند تحریک

(B) حلقہ ارباب ذوق

(C) جدیدیت

(D) رومانویت

97. ذیل میں سے کون سا کردار ''فردوس بریں'' کا ہے؟

(A) شیخ علی وجودی

(B) حمیدہ

(C) آزاد حسن

(D) ذوالفقار علی

98. مندرجہ ذیل میں سے کون سا رسالہ 'آج کل' کے مدیر تھے؟

(A) علی سردار جعفری

(B) جوش ملیح آبادی

(C) مولوی عبدالحق

(D) آل احمد سرور

99. ''غبارِ خاطر'' کا تعلق کس صنفِ ادب سے ہے؟

(A) خاکہ

(B) مضمون

(C) مکتوب

(D) تنقید

100. جوش ملیح آبادی کا شعری مجموعہ کون سا ہے؟

(A) دست تہہ سنگ

(B) سرخ سویرا

(C) نئی دنیا کو سلام

(D) سیف وسبو

www.prepp.in

Your Personal Exams Guide



## ROUGH WORK

Your Personal Exam Guide